جماعت ہفتم

سبقی سرگرمی مارچ 2020 (دہرائی)

نام:______________________________________

جماعت:__________________________________

سوال 1۔ مندرجہ ذیل پیراگراف پڑھ کر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ امیر المومنین حضرت عمر فاروق تھے ۔ آپ حضرت ابو بکر صدیق کے بعد مسلمانوں کے خلیفہ مقرر ہوئے۔ آپ کا نام عمر، کنیت ابو حفص اور لقب فاروق اعظم تھا۔ آپ کا شجرہ نسب حضور کے خاندانی شجرے سے ملتا ہے۔ آپ واقعہ فیل کے 13 سال بعد پیدا ہوئے۔ اور نبوت کے چھٹے سال، ستائیس برس کی عمر میں اسلام لائے۔ اس وقت تک چالیس مرد اور گیارہ عورتیں ایمان لا چکی تھیں۔ نبی کریم نے حضرت عمر کو "فاروق" کا لقب عطا فرمایا۔ آپ بہت بہادر تھے اور حضور کے ساتھ تمام غزوات میں شریک رہے۔

جب مسلمانوں کے پہلے خلیفہ حضرت ابو بکر صدیق علیل ہوئے تو انھوں نے حضرت عمر فاروق کو مسلمانوں کا خلیفہ منتخب کیا کیونکہ وہ دین کے معاملے میں بہت سخت تھے۔

حضرت عمر فاروق کا دور خلافت بے مثال تھا۔ انھوں نے فوجی اور عدالتی نظام کی بنیاد رکھی۔ آپ نے فوجی تنظیم کے سلسلے میں ایک دفتر قائم کر کے تمام مجاہدین اور ان کے بیوی بچوں کے وظیفے مقرر کیے۔

سوال نمبر 1۔ حضرت عمر فاروق کون تھے؟

____

سوال نمبر 2۔ حضرت عمر فاروق کا نام اور کنیت کیا تھی؟

____

سوال نمبر 3۔ حضرت عمر فاروق کا شجرہ نسب کس سے ملتا ہے؟

____

سوال نمبر 4۔ حضرت ابو بکر صدیق نے مسلمانوں کے لیے حضرت عمر فاروق کو خلیفہ کیوں مقرر کیا؟

____

سوال نمبر 5۔ حضرت عمر فاروق کا دور خلافت کیسا رہا؟

سوال نمبر 2۔ مندرجہ ذیل الفاظ سے نئے الفاظ بنائیے۔ جیسے: زخم سے زخمی

الفاظ	نئے الفاظ	الفاظ	نئے الفاظ
بہادر		وقت	
خاندان		ضرور	
مثال		شرارت	
سخت		انسان	
ایمان		جنگ	